روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 20/اکتوبر 2008ء 20 شوال 1429 ہجری 20/اخاء 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 239

غم کا گھونٹ

حضرت حسنؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ کو کوئی گھونٹ غم کے اس گھونٹ سے زیادہ پسند نہیں جو انسان صبر کرکے پیتا ہے اور اللہ تعالیٰ کو غصے کے گھونٹ سے زیادہ کوئی گھونٹ پسند نہیں جو غصہ دبانے کے نتیجہ میں انسان پیتا ہے۔

(مصنف ابن ابی شیبہ جلد8ص88 حدیث نمبر:34409)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

صاحبزادہ عبداللطیف (۔) کی (قربانی) کا واقعہ تمہارے لئے اسوۂ حسنہ ہے۔ تذکرۃ الشہادتین کو بار بار پڑھو اور دیکھو کہ اس نے اپنے ایمان کا کیسا نمونہ دکھایا ہے۔ اس نے دنیا اور اس کے تعلقات کی کچھ بھی پروا نہیں کی۔ بیوی یا بچوں کا غم اس کے ایمان پر کوئی اثر نہیں ڈال سکا۔ دنیوی عزت اور منصب اور تنعم نے اس کو بزدل نہیں بنایا۔ اس نے جان دینی گوارا کی مگر ایمان کو ضائع نہیں کیا۔ عبداللطیف کہنے کو مارا گیا یا مر گیا مگر یقیناً سمجھو کہ وہ زندہ ہے اور کبھی نہیں مرے گا۔ اگرچہ اس کو بہت عرصہ صحبت میں رہنے کا اتفاق نہیں ہوا، لیکن اس تھوڑی مدت میں جو وہ یہاں رہا اس نے عظیم الشان فائدہ اٹھایا۔ اس کو قسم قسم کے لالچ دیئے گئے کہ اس کا مرتبہ و منصب بدستور قائم رہے گا مگر اس نے اس عزت افزائی اور دنیوی مفاد کی کچھ بھی پروا نہیں کی ان کو ہیچ سمجھا یہاں تک کہ جان جیسی عزیز شئے کو جو انسان کو ہوتی ہے اس نے مقدم نہیں کیا۔ بلکہ دین کو مقدم کیا جس کا اس نے خدا تعالیٰ کے سامنے وعدہ کیا تھا کہ میں دین کو دنیا پر مقدم رکھوں گا۔ میں بار بار کہتا ہوں کہ اس پاک نمونہ پر غور کرو کیونکہ اس کی (قربانی) یہی نہیں کہ اعلیٰ ایمان کا ایک نمونہ پیش کرتی ہے بلکہ یہ خدا تعالیٰ کا عظیم الشان نشان ہے جو اور بھی ایمان کی مضبوطی کا موجب ہوتا ہے کیونکہ براہین احمدیہ میں 23 برس پہلے سے اس (قربانی) کے متعلق پیشگوئی موجود تھی۔ (۔)

کیا اس وقت کوئی منصوبہ ہو سکتا تھا کہ 23 یا 24 سال بعد عبدالرحمٰن اور عبداللطیف افغانستان سے آئیں گے اور پھر وہ وہاں جاکر (قربان) ہوں گے۔ وہ دل لعنتی ہے جو ایسا خیال کرے۔ یہ خدا تعالیٰ کا کلام ہے۔ جو عظیم الشان پیشگوئی پر مشتمل ہے اور اپنے وقت پر آکر یہ نشان پورا ہو گیا۔

اس سے پہلے عبدالرحمٰن جو مولوی عبداللطیف (۔) کا شاگرد تھا، سابق امیر نے قتل کرایا محض اس وجہ سے کہ وہ اس سلسلہ میں داخل ہے اور یہ سلسلہ جہاد کے خلاف ہے اور عبدالرحمٰن جہاد کے خلاف تعلیم افغانستان میں پھیلاتا تھا۔ اور اب اس امیر نے مولوی عبداللطیف کو (قربان) کرا دیا۔ یہ عظیم الشان نشان جماعت کے لئے ہے اس پیشگوئی کے معنے اب مخالفوں سے پوچھو کہ کیا یہ پیشگوئی صریح الفاظ میں نہیں ہے؟ اور کیا یہ اب پوری نہیں ہو گئی ہے؟ کیونکہ انگریزوں کے ملک میں تو کوئی کسی کو بے گناہ ذبح نہیں کرتا ہے اس لئے یہاں تو اس کا وقوع نہیں ہونا تھا اور علاوہ بریں ہماری تعلیم ایسی تعلیم نہیں تھی کہ کوئی اس کو پکڑ سکے بلکہ یہ تعلیم تو امن کے پھیلانے والی ہے پھر یہ پیشگوئی کیسے پوری ہوتی؟ اس لئے خدا تعالیٰ نے اس نشان کو پورا کرنے کے لئے کابل کی سرزمین کو مقدر کیا ہوا تھا اور آخر 24 سال کے بعد یہ پیشگوئی ٹھیک اسی طرح پوری ہوئی جس طرح پہلے فرمایا گیا تھا۔

(ملفوظات جلدسوم صفحہ 512)

مستحق طلبہ کی امداد

جماعت میں بہت سے ایسے افراد جو غربت کی وجہ سے اپنے بچوں کی پڑھائی کے اخراجات نہ اٹھا سکتے ہیں ایسے مستحق اور غریب طلباء کیلئے صدر انجمن احمدیہ میں ایک شعبہ ''امداد طلبہ'' کے نام سے قائم ہے۔

یہ شعبہ مخیّر احباب کی طرف سے ملنے والے عطیات اور مالی معاونت سے ہی چل رہا ہے۔ اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء و طالبات اپنی تعلیم جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ رقوم درج ذیل صورتوں میں خرچ کی جاتی ہیں۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس
3۔ درسی کتب کی فراہمی 4۔ فوٹو کاپی مقالہ جات کیلئے رقوم
5۔ دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات اس طرح سے ہیں۔

1۔ پرائمری/سیکنڈری 6 تا 8 ہزار روپے سالانہ۔
2۔ کالج لیول 12 تا 20 ہزار روپے سالانہ۔
3۔ بی ایس سی، ایم ایس سی و دیگر پروفیشنل ادارہ جات ایک لاکھ سے 3 لاکھ روپے تک۔

سینکڑوں طلباء کو اس شعبہ کے تحت امداد فراہم کی جاتی ہے لیکن اس وقت اس شعبہ پر بے انتہا مالی بوجھ ہے۔ جس کیلئے عطیات کی فوری ضرورت ہے۔

آپ سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے حلقہ احباب میں بھی موثر رنگ میں تحریک فرماویں کہ اس شعبہ کے لئے دل کھول کر حصہ ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بے انتہا برکت ڈالے۔ آمین

یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلباء نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد ,,امداد طلباء،، میں بھجوائے جا سکتے ہیں۔

(نگران امداد طلباء نظارت تعلیم)

مشعل راہ

اللہ تعالیٰ کے احسانات اور احمدیت کی برکات

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 26 ستمبر 2003ء میں اللہ کے احسانات اور احمدیت کی برکات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

پھر ہمارے ایک (۔) ہیں مکرم مولانا بشیر احمد صاحب قمر، وہ بیان کرتے ہیں کہ خاکسار جماعت احمدیہ غانا کے افراد کے ساتھ ایک عید کی نماز کے بعد پیراماؤنٹ چیف سے ملنے گیا۔ وہ اپنے سرکردہ افراد کے ساتھ ہمارے انتظار میں تھے۔ جب ہم اندر داخل ہوئے تو احمدی دوستوں نے چیفوں اور ان کے ساتھیوں کے سامنے بڑے جوش سے اس طرح گانا شروع کیا کہ ایک بوڑھا احمدی جو چیف کے سامنے تھا چھڑی ہوا میں لہرا لہرا کر گا رہا تھا اور باقی دوست جو تین صد کے قریب تھے اس کے پیچھے وہی فقرات دہرا رہے تھے۔ میں نے ترجمان سے پوچھا کہ یہ کیا کہہ رہے ہیں تو اس نے مجھے بتایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کے احسانات اور احمدیت کی برکات کا ذکر کر رہے ہیں۔ یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم بت پرست اور مشرک تھے۔ ہمیں حلال و حرام اور نیکی بدی کا کوئی علم نہیں تھا۔ ہماری زندگی بالکل حیوانی تھی ہم وحشی تھے۔ شراب کو پانی کی طرح پیتے تھے۔ احمدیت نے ہمیں سیدھا راستہ دکھایا اور ہماری بدیاں ہم سے چھوٹ گئیں اور ہم انسان بن گئے۔ تو یہ لوگ اپنے ہی شہر کے ایک پیراماؤنٹ چیف اور دیگر اکابر کے سامنے جو ان کے سابقہ عادات و اخلاق سے پوری طرح واقف تھے اپنی تبدیلی بڑی تحدی کے ساتھ بیان کر رہے تھے اور جماعت کی صداقت کے طور پر پیش کر رہے تھے۔

(ماھنامہ انصاراللّٰہ جنوری 1984ء صفحہ 30)

پھر نمازوں کی پابندی اور تہجد کی ادائیگی کے بارہ میں بھی شرائط بیعت میں حکم آتا ہے۔ حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ”میں دیکھتا ہوں کہ میری بیعت کرنے والوں میں دن بدن صلاحیت اور تقویٰ ترقی پذیر ہے۔ اور ایام مباہلہ کے بعد گویا ہماری جماعت میں ایک اور عالم پیدا ہو گیا ہے۔ میں اکثر دیکھتا ہوں کہ سجدہ میں روتے اور تہجد میں تضرع کرتے ہیں۔

(انجام آتھم، روحانی خزائن جلد 11 صفحہ 315)

یہاں پھر میں گھانا کی ایک مثال دیتا ہوں۔ ایسی تبدیلیاں اپنے اندر پیدا کی ہیں لوگوں نے کہ خود میرے تجربے میں آئی کہ لمبا سفر کر کے آیا ہے اور رات کو لیٹ پہنچے، بارہ بجے کے قریب سونے کا موقعہ ملا۔ رات کو جب آنکھ کھلی دیکھا کہ ڈیڑھ دو بجے کا وقت ہو گا.......... بیٹھے ہیں اور سجدہ ریز ہیں۔

پھر ایک روایت آتی ہے حضرت منشی محمد اسمٰعیل فرماتے تھے کہ مجھے صرف ایک نماز یاد ہے جو میں نماز باجماعت ادا نہیں کر سکا وہ بھی بیت الذکر سے ایک ضروری حاجت کے لئے واپس آنا پڑا تھا۔ (رفقاء احمد جلد 7 صفحہ 196)

پھر حضرت منشی محمد اسمٰعیل صاحب کے بارہ میں ہی ہے کہ حضرت مسیح موعود کی بیعت کر کے اپنے شہر سیالکوٹ واپس گئے تو یکدم لوگوں نے دیکھا کہ انہوں نے اپنی سابقہ لغو عادات یعنی تاش کھیلنا اور بازار میں بیٹھ کر گپیں ہانکنا سب چھوڑ دیا ہے اور نماز تہجد باقاعدہ شروع کر دی ہے۔ ان کے حالات میں اس قدر غیر معمولی تغیر دیکھ کر سب بہت حیران ہوئے۔

(رفقاء احمد جلد اول صفحہ 200)

(روزنامہ الفضل 6 فروری 2004ء)

یہ رحمت کا بادل' یہ ٹھنڈی فضائیں

جو برسوں سے شمعِ ہدیٰ جل رہی ہے
زمانے کو تازہ ضیاء مل رہی ہے

یہ رحمت کا بادل، یہ ٹھنڈی فضائیں
سمندر سے گویا ہوا چل رہی ہے

ہیں مہکے خلافت کے گُل بوستاں میں
کلی گلستاں کی ہر اِک کِھل رہی ہے

خلافت کی پھیلی مہک گُل جہاں میں
خلیفہ کی ڈش پہ ندا چل رہی ہے

بہت فیض پایا خلافت سے ہم نے
دلوں کو نئی اک غذا مل رہی ہے

تو شافی ہے مولاؔ دلوں کو شفاء دے
خلافت سے سب کو دوا مل رہی ہے

خلافت کے سائے میں محفوظ ہیں ہم
سروں کو ہمارے رداء مل رہی ہے

خلافت کا دامن نہ چھوڑیں گے ہرگز
خلافت سے ہم کو بقا مل رہی ہے

ہوئے ہیں خلافت کے سو سال پورے
خوشیوں میں دل کی متاع ڈھل رہی ہے

ص۔شمس

ذیلی تنظیموں سے اپیل

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع خطبہ جمعہ 5 نومبر 1993ء میں فرماتے ہیں۔

جماعت احمدیہ کے وہ تمام افراد جو کسی نہ کسی ذیلی تنظیم سے منسلک ہیں ان کے سپرد تحریک جدید کی وصولی کی ذمہ داریاں ڈالی گئی ہیں۔ وہ سارے میرے مخاطب ہیں آپ سب کے لئے پیغام ہے کہ امسال تحریک جدید کے چندے کو ہر پہلو سے کامیاب بنانے کے لئے اپنی اپنی ذمہ داریوں کو احسن رنگ میں ادا کریں اور دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی بہترین توفیق دے۔

(الفضل مورخہ 11 نومبر 1993ء)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت-/5 روپے

راہ مولیٰ میں قربان ہونے والے دو امراء اضلاع

محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب و محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب کا ذکر خیر

مکرم محمود مجیب اصغر صاحب

خلافت احمدیہ کی دوسری صدی کے آغاز پر اور رمضان المبارک کے پہلے عشرے کے دوران 7 اور 8 رمضان 1429ھ بمطابق 8 اور 9 ستمبر 2008ء کو سلسلہ عالیہ احمدیہ کے دو امراء اضلاع کو انتہا پسند مذہبی جنونیوں نے اپنے زعم میں ثواب حاصل کرنے کے لئے گولیاں مار مار کر راہ مولیٰ پر قربان کر دیا۔ 9، 10 اور 11 ستمبر 2008ء کے روزنامہ الفضل ربوہ میں ان کی شہادتوں کی تفصیل اور تدفین اور امتیازی خدمات دینیہ اور کارہائے نمایاں کا تذکرہ دیکھ پڑھ کر دل اس یقین سے بھر جاتا ہے کہ راہ مولیٰ میں قربان ہونے والے دونوں مقتول اللہ تبارک وتعالیٰ کے مقرب وجود تھے۔ یہ دونوں بزرگ ہستیاں علی الترتیب ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب امیر ضلع میر پور خاص و ضلع عمر کوٹ اور سیٹھ محمد یوسف صاحب امیر ضلع نواب شاہ ہیں۔

سول انجینئرنگ میں گریجوایشن کرنے کے بعد پہلے آٹھ سال مجھے ایک یوگوسلاوین فرم انرگوانویسٹ (Energoinvest) میں کام کرنے کا موقع ملا اور 1971ء کی پاک ہند جنگ کے بعد واپڈا سکارپ روہڑی نارتھ کے پراجیکٹ کی تعمیر کے سلسلہ میں چند سال خیر پور میرس، حیدر آباد اور نواب شاہ میں گزارنے کا موقع ملا اور احمدی ہونے کی وجہ سے ان جماعتوں سے تعارف حاصل ہوا۔ خیر پور شہر کی جماعت بہت چھوٹی تھی البتہ حیدر آباد اور نواب شاہ کی جماعتیں بڑی تھیں۔ ٹیکسٹائل انجینئر مکرم چوہدری نعمت اللہ صاحب (حال ناظم جائیداد صدر انجمن احمدیہ) حیدر آباد کے امیر تھے اور نواب شاہ ضلع کے امیر مکرم رئیس عبدالرحمٰن صاحب ڈاہری تھے البتہ حیدر آباد کے ڈویژنل امیر مکرم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب تھے جو کہ مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کے والد بزرگوار تھے۔ اس مختصر عرصے میں نسبتاً زیادہ عرصہ خاکسار کا قیام نواب شاہ میں رہا جہاں محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب کو قریب سے دیکھنے اور ان کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا۔ موصوف اس وقت مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ کی طرف سے قائد علاقہ تھے خاکسار کو ان کے ساتھ معتمد اور ناظم تعلیم و تربیت اور اصلاح وارشاد وغیرہ کے طور پر خدمت کرنے کا موقع ملا۔ محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب کا اپنے بھائیوں کے ساتھ مشترکہ کاروبار تھا دکان پر جس دن سیٹھ محمد یوسف صاحب کی باری ہوتی جماعتی کاموں کے دوران ان کی دکان اس دن کئی کئی گھنٹے بند رہتی۔ ایک دفعہ انہوں نے عاملہ کے اجلاس میں بتایا کہ ان کے بڑے بھائی کو کبھی کبھی شکوہ رہتا ہے کہ جس دن میری باری ہوتی ہے دکان کئی کئی گھنٹے بند رہتی ہے لیکن اللہ تعالیٰ کا عجب تصرف ہے کہ جماعتی کام ختم کرنے کے بعد جب وہ دکان کھولتے ہیں تو اتنی ہی بلکہ اس سے زیادہ Sale ہو جاتی ہے۔ جتنی سارا دن دکان کھول کر ان کے بھائی اپنی باری پر Sale کرتے ہیں۔ گویا دین کو دنیا پر مقدم کرنے کی ایک عجیب مثال تھی جو وہ دیا کرتے تھے۔ خدا تعالیٰ نے انہیں قائدانہ صلاحیتیں دی ہوئی تھیں اور بڑے وسیع القلب اور حوصلے والے ہمدرد اور خدمت خلق کرنے والے وجود تھے۔ ہم نے وہاں کوشش کی کہ لائحہ عمل کے مطابق سارے شعبوں میں کام کیا جائے اور ہر شعبے کے ناظم کے ساتھ اس کا نائب اس نیت سے رکھا جائے کہ نئی کھیپ تیار ہوتی رہے روزانہ نصف گھنٹہ عاملہ کا ہر خادم محمود ہال حاضر ہوتا اور اپنے شعبہ کے کام کا جائزہ لیتا اور اپنی فائل پڑھتا اور ضروری کارروائی کرتا۔ حضرت مسیح موعود کی کتب جو خدام الاحمدیہ مرکزیہ کی طرف سے مقرر ہوتیں وہ ذاتی مطالعہ کے علاوہ اجتماعی طور پر اجلاس میں اس کا دور مکمل کرواتے۔ ہر خادم اس کا خلاصہ بیان کرتا اور جو بات رہ جاتی وہ اگلا خادم بیان کرتا اس طرح حضرت مسیح موعود کی بعض کتب بڑی تفصیل سے پڑھنے پڑھانے اور مضامین کو سمجھنے اور از بر کرنے کا موقع ملتا۔

نواب شاہ شہر میں مقامی صدر محترم میاں محمد سلیم صاحب شاہجہانپوری مرحوم ہوا کرتے تھے۔ مقامی طور پر ہماری خوب محفلیں لگتی تھیں محترم میاں محمد سلیم صاحب شاہجہانپوری کو خود شاعر ہونے کے علاوہ دوسرے عظیم شعراء کے کلام پر عبور حاصل تھا اور وہ برموقع شعر پیش کر دیتے مکرم سیٹھ محمد یوسف صاحب داد دینے والوں میں سب سے آگے ہوتے تھے پھر ایک سندھی بزرگ مکرم رضا محمد جو سبز پگڑی پہنتے تھے خود احمدی ہوئے تھے 1/3 کی وصیت کی ہوئی تھی بڑے عابد زاہد تہجد گزار اور داعی الی اللہ تھے وہ بھی کئی بار شریک محفل ہوتے کئی بار اپنے کشوف و رویا اور الہامات بھی بتا جاتے تھے۔ ایک دفعہ کہنے لگے کہ جب سے نواب شاہ کی جماعت سے انہوں نے تعارف حاصل کیا ہے اور انفرادی طور پر اخلاص اور خدمت دین کا جذبہ دیکھا ہے وہ تہجد میں ان باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے سب سے پہلے مکرم سیٹھ محمد یوسف صاحب کے لئے دعا کرتے ہیں اور انہیں یہ خدا کی طرف سے گویا تحریک ہوتی ہے۔ ان کے بھائی مکرم مشتاق احمد صاحب کی شادی تھی بارات ساہیوال گئی سب احمدی احباب کو ہمراہ لے کر گئے۔ آتے اور جاتے ہوئے بھی ہم نے ٹرین پر سفر کیا یا جماعت نمازیں ہوتی رہیں۔ ایک بار علاقہ خیر پور (سکھر۔ خیر پور اور نواب شاہ) کی عاملہ کی میٹنگ تھی جو کہ محراب پور میں مکرم چوہدری عبدالحمید صاحب شہید کے گھر ہوئی تقریباً 25-30 خدام ہوں گے ٹرین کا وقت ہو گیا اور ہم نے نواب شاہ کی طرف آنا تھا چنانچہ ہم سب نے مکرم سیٹھ محمد یوسف صاحب کے زیر ہدایت پلیٹ فارم پر نماز باجماعت ادا کی۔ اس منظر کو دیکھ کر لوگ حیران تھے اور یہ ایک خاموش دعوت الی اللہ تھی جس کے محرک قائد صاحب علاقہ تھے۔

میرے ساتھ ذاتی طور پر بہت شفقت فرماتے تھے اور ان کے مجھ پر کئی احسان ہیں۔ 1974ء کے پُر آشوب دنوں میں اکثر محمود ہال سے مجھے میری رہائش گاہ تک پہنچا کر آتے اور ہر قسم کی ضروریات کا خیال رکھتے کیونکہ ان دنوں رات گئے تک ہم اکثر خدام محمود ہال میں بیٹھے رہتے تھے۔ شناختی کارڈ بنوانے کا نظام بھی اسی دور میں شروع ہوا۔ خاکسار اور خاکسار کی اہلیہ کے شناختی کارڈ وہیں بنے اور جو بچے اس وقت تک تھے ان کے ب فارم بھی۔ بعد میں وہیں اندراج ہوتا تھا جب بچے 18 سال کی عمر کو پہنچے تو ان کا شناختی کارڈ بنوانا ہوتا تھا۔ کئی بار اس سلسلہ میں مکرم سیٹھ یوسف صاحب نے مدد فرمائی اور بالآخر ایک وقت سارے کارڈ Surrender کر کے سرگودہا سے کارڈ بنوانے تھے انہوں نے ہی دو چار دنوں میں ریکارڈ لے کر TCS کر دیا ورنہ محکمے والے کئی ماہ لیتے یا ممکن ہے گم ہی ہو جاتے۔ جب وہ امیر ضلع ہوئے تو یہ عاجز بھی ان دنوں پہلے ضلع مظفر گڑھ کا اور کچھ عرصہ بعد میں ضلع اٹک کا امیر مقرر ہوا۔ 1997ء تک ہر سال ان سے شوریٰ میں ملاقات ہو جاتی تھی بڑی محبت سے ملتے۔ ایک بار شوریٰ کے دوران اعلان ہوا کہ انہیں دل کا عارضہ ہے اور ہسپتال میں داخل ہو گئے ہیں اگلے دن شوریٰ کے ہال میں آ گئے میں نے عرض کیا کہ آپ کا تو اعلان ہوا تھا۔ مسکرا کر کہنے لگے مجھے علم تھا کہ شوریٰ کے ایجنڈے کے سلسلہ میں آپ لازماً جا کر اپنی رائے دیں گے اور حضرت مسیح موعود اور خلفاء کے اقتباس پڑھیں گے۔ چونکہ مجھے آپ سے للّٰہی محبت ہے اس لئے میں تو آپ کی تقریر کے لئے ہسپتال سے اٹھ کر آ گیا ہوں ویسے بھی اب میری طبیعت بہتر ہے۔

بہت بے نفس اور ایثار پیشہ دوست تھے کئی بار اکٹھے جماعتی دورے کی غرض سے ریلوے پر سفر کئے اکثر اپنے پاس سے ٹکٹ لے کر دیتے اور مقامی طور پر اکثر اجلاسات میں کھانا یا ریفریشمنٹ ان ہی کی طرف سے ہوتی۔ جیسا کہ حضور نے فرمایا ہے واقف زندگی اور مرکز سے جانے والے کارکنوں کی بہت عزت اور بہت خدمت کیا کرتے تھے۔ ایک دو اجلاسوں میں مجھے ان کے ساتھ رحمٰن آباد امیر صاحب ضلع مکرم رئیس حاجی عبدالرحمٰن ڈاہری صاحب مرحوم کے ڈیرے پر جانے کا موقع ملا وہ تو بہت ہی بڑے مہمان نواز تھے ان کے دستر خوان پر اس زمانے میں روزانہ ہی بیسیوں مہمان کھانا کھاتے تھے۔

ان کا ایک گھر ربوہ میں بھی تھا جہاں صرف جلسہ کے دنوں میں یہ خاندان ربوہ آ کر اپنے گھر میں رہتا تھا۔ 1974ء میں میرے والدین کے گھر بھیرہ میں حملہ ہوا تھا۔ والد صاحب اس وقت وہاں امیر تھے ان کے سر پر کلہاڑی سے وار کیا گیا اللہ نے معجزانہ طور پر بچا لیا۔ گھر کا سارا سامان لوٹ لیا گیا یا جلا دیا گیا تھا مجبوراً والدین کو ربوہ شفٹ ہونا پڑا ان حالات میں انہوں نے اپنے گھر سے ربوہ ایک دو چارپائیاں بھی ہمیں عنایت کیں۔ یہ ان کا ہم پر ذاتی احسان ہے اللہ تعالیٰ انہیں اس کی جزائے خیر دے۔ آمین

ایک بات انہوں نے اپنے خاندان کی نواب شاہ آنے کی بتائی کہ پاکستان بننے کے بعد ان کا خاندان مشرقی پنجاب سے ہجرت کر کے پاکستان آیا اور لاہور میں مہاجرین کیمپ میں عارضی قیام کیا ان کے والد صاحب کے کوئی دوست یا رشتہ دار کراچی رہتے تھے وہ ان سے مشورہ کرنے کے لئے کہ کہاں کاروبار شروع کریں ٹرین پر کراچی جا رہے تھے گرمی کا موسم تھا راستے میں جب گاڑی نواب شاہ پہنچی تو پانی پینے کے لئے گاڑی سے نیچے اترے۔ پانی کے پمپ کے پاس کافی رش تھا اور ان کے پانی پینے تک گاڑی چل پڑی اور کوشش کے باوجود یہ گاڑی پر نہ چڑھ سکے انہوں نے خیال کیا کہ شائد خدا کا یہی منشاء ہے کہ وہ نواب شاہ میں ہی کاروبار کریں۔ چنانچہ ریلوے سٹیشن سے باہر نکل کر تھوڑے ہی فاصلے پر گئے تو انہیں ایک دکان کرائے پر مل گئی مالکان کو کچھ رقم ایڈوانس دے کر فیملی کو لینے لاہور چلے گئے اور اس طرح ان کا خاندان نواب شاہ میں آ کر آباد ہو گیا۔ اس طرح اللہ تعالیٰ کی غالب تقدیر نے انہیں یہاں لا کر سالہا سال خدمت دین اور حقوق العباد ادا کرنے اور خدمت خلق بجا لانے کی توفیق دی اور جب بھی نواب شاہ کی تاریخ احمدیت لکھی جائے گی اس خاندان اور محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب کا نام سنہری حروف سے لکھا جائے گا اور نسلیں ان کی طرف منسوب ہونے میں فخر محسوس کریں گی۔

اسی طرح جب 2003ء میں خلافت خامسہ کے انتخاب کے موقع پر لندن میں خاکسار کا مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب سے تعارف ہوا تو انہوں نے بھی بتایا کہ ان کے آباؤ اجداد حیدر آباد دکن کے رہنے والے تھے اور ان کے والد مکرم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب

(باقی صفحہ 6 پر)

مکرم کرنل (ر) ڈاکٹر سید محمد خیر البشر صاحب

حضرت پیر منظور محمد کا مؤلفہ

قاعدہ یسرنا القرآن اور نئی طرز کتابت

قریباً سو برس پہلے حضرت مسیح موعود کی زندگی میں بیشمار غیر معمولی واقعات اور تاریخی کام ہوئے۔ ان میں سے قاعدہ یسرنا القرآن کی تصنیف اور یسرنا القرآن والی طرز کتابت کا رائج ہونا اپنی شان و شوکت اور خدمات میں بے مثل ہیں۔

میں کئی دہائیوں سے ان دونوں نعمتوں سے فیضیاب ہو رہا ہوں۔ قاعدہ یسرنا القرآن اپنے خدوخال، شکل و شباہت، اشتہار، دیباچہ، اسباق، ہدایات برائے اساتذہ اور وصیت کے مضامین پر مشتمل جوں کا توں قائم ہے۔ نسل درنسل مفید اور مقبول رہتے ہوئے قاعدہ ھذا نے وابستگی، عقیدت اور عزت و احترام کا مقام حاصل کرلیا ہے۔

میرا خیال ہے کہ اس قاعدہ میں موجود علمی تدریسی اور تفریحی خزانے عام آنکھوں سے اوجھل ہیں۔ قاعدہ کی صدسالہ جوبلی کے موقع پر میں اپنے جذبات تشکر اور تحدیث نعمت کے لئے اس قاعدہ کے بارے میں بعض معلومات آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔

صدی دوصدی پہلے برصغیر ہندوستان میں صرف بغدادی رسم الخط اور بغدادی قاعدہ مشہور و مقبول اور مستعمل تھے۔ پھر یوں ہوا کہ حضرت پیر منظور محمد مؤلف قاعدہ یسرنا القرآن نے بغدادی کتابت اور بغدادی قاعدہ پر پڑھنے پڑھانے والوں کی ایک مشکل یا دشواری کو دریافت کیا اور دونوں کو، تلاوت سیکھنے اور سکھانے والوں کے لئے، غیر آسان اور غیر دوستانہ قرار دیا۔ انہوں نے تحریر کیا کہ اس نظام پر تلاوت سیکھنے والوں کو اپنے سبق اور عبارتیں ''طوطے کی طرح'' رٹنی پڑتی ہیں جو قریب حفظ کے ہوتا ہے۔ انہوں نے چاہا کہ اس مشکل کو دور کیا جانا چاہئے۔

مؤلف قاعدہ خوش نصیب تھے کہ خداوند کریم نے انہیں مذکورہ مشکل یا دشواری کو دور کرنے کی نیت، غوروفکر، ہمت اور تدبر نصیب کیا۔ ورنہ بہت سے لوگ اور بھی تھے جنہوں نے اس مذکورہ مشکل کو محسوس تو کیا مگر اس کے ساتھ عمر گزار گئے۔

حضرت پیر منظور محمد کو خداوند کریم نے ایک ''نئی طرز کتابت'' مذکورہ مشکل یا دشواری کے دور کرنے کے لئے عطا فرمائی۔ حضرت پیر محمد نے بغدادی رسم الخط میں دشواری بلکہ غلطیوں کے امکان کو اپنی ایجاد کردہ طرز کتابت میں واضح، آسان اور درست کرنے کے لئے ''بین طور پر ظاہر کرنے کے لئے'' چند مثالیں اپنے عربی قاعدہ کے دیباچہ میں درج کی ہیں۔

حضرت پیر منظور محمد صاحب کے قاعدہ کو اور ان کی نئی طرز کتابت کو اہل قادیان نے دیکھا، جانچا اور عملی افادیت کو پرکھا۔ جب دونوں کو مفید اور موزوں پایا تو جماعت احمدیہ عالمگیر نے بطور ایک جدید سہولت اور الٰہی احسان کے قبول کیا اور رائج کیا۔ چنانچہ بفضل خدا دور دور تک لوگ بھاگ بھاگ کر اس قاعدہ اور نئی طرز کتابت سے فیضیاب ہونے لگے۔ قرآن مجید کا سیکھنا، پڑھتے رہنا اور پڑھانا آسان ہوگیا۔

قاعدہ ھذا میں حضرت پیر صاحب نے لکھا ہے کہ انہیں باوجود بہت تلاش کے ایسا قرآن شریف کا نسخہ کوئی نہیں ملا جس میں اعراب کو اپنے اپنے حروف کے ساتھ رکھنے کا التزام کیا گیا ہو۔ چنانچہ انہوں نے اس التزام اور احتیاط کے ساتھ اپنی کتابت پر قرآن شریف لکھنے کا مشکل اور لمبا کام شروع کیا۔

خداوند کریم کی عطا کردہ توفیق اور اس کے فضل اور رحم کے ساتھ ان کے لکھے سیپارہ جات ایک ایک کر کے طبع ہونے شروع ہوئے۔

آخرکار ایک آسان طرز کتابت میں قرآن شریف بنی نوع انسان کو نصیب ہوگیا۔ بلاشبہ آج تک یہی نسخہ قرآن کریم کا آسان ترین ہے۔

عربی کا قاعدہ

حضرت پیر منظور محمد کا دوسرا بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے برصغیر میں موجود اردودان خاندانوں اور ان کے بچوں کے لئے قاعدہ یسرنا القرآن ترتیب و تدوین کیا۔ ان کی تدریسی صلاحیتوں کی تعریف میں چند کلمات درج ذیل ہیں۔

☆......عربی کی بجائے قاعدہ ھذا میں ذریعہ تعلیم و تدریس اردو ہے۔ ہدایات برائے اساتذہ، دیباچہ، اشتہار، دیگر مضامین اور وصیت سب کے سب سلیس اردو میں تحریر ہیں۔

☆......عربی حروف تہجی کے نام اور تلفظ التزاماً مقامی اردو حروف کے تلفظ مثلاً بے، تے، ثے، فے کے مطابق کرنے کی ہدایت درج ہے۔

☆......اسی طرح عربی اعراب کو بھی عربی ناموں سے روشناس کروانے کی بجائے مقامی اردو ناموں مثلاً کھڑی زبر، کھڑی زیر اور الٹی پیش کہلوا کر گزارہ کیا گیا۔

☆......قاعدہ ھذا میں ارادتاً اردو سلیس الفاظ اور فقرہ جات شامل کئے گئے ہیں تاکہ اردودان طبقہ اس سے مانوس رہے اور راغب رہے۔

☆......حضرت پیر منظور محمد کی اپنی تحریر کے مطابق قاعدہ ھذا کو پڑھ کر اردو پڑھنا بچے کے لئے نہایت آسان ہو جاتا ہے۔ میں نے خود قاعدہ یسرنا القرآن کے بعد تیزی سے اردو پڑھنا سیکھ لیا تھا۔

تلاوت کے قواعد

قاعدہ یسرنا القرآن کا کورس مکمل ہے، ترتیب موزوں ہے، قواعد کی اردو زبان نہایت مناسب اور سلیس ہے جو آج تک بوڑھی اور بوسیدہ نہیں ہوئی ہے۔ چند مثالیں آپ کی یادوں کو تازہ کرنے کے لئے پیش خدمت ہیں۔

حروف کی اشکال

ہر عربی حرف کی چاروں اشکال یعنی اس کی مفرد شکل اور لفظوں کے شروع میں، درمیان میں، اور آخر میں واقع ہونے کی اشکال سکھانے کے بعد بعض حروف کی دیگر شکلیں بھی سکھائی گئی ہیں۔

جزم

جس حرف پر جزم واقع ہو، اس کے ساتھ اس سے پہلے حرف کو ملا دیا کرو۔ (استثناء قاعدہ نمبر 32 میں دیکھیں)۔

خالی حرف

(قاعدہ نمبر 19) ''خالی حرف نہیں بولتا''

استثناء:

ہاں مگر وہ خالی الف بولتا ہے جس سے پہلے زبر والا حرف اور بعد میں کوئی جزم والا حرف نہ ہو۔ (استثناء/ قاعدہ نمبر 35 میں مذکور ہے)

تنوین

(قاعدہ نمبر 25) ''تنوین کے بعد جب حرف مشدد آئے تو بجائے دوزبر کے ایک زبر، بجائے دوزیر کے ایک زیر اور بجائے دوپیش کے ایک پیش سمجھو۔

استثناء:

جب تنوین کے بعد کا حرف مشدد 'ی' یا 'و' ہو تو ملاتے وقت تنوین کو مکمل دوزبر، دوزیر اور دوپیش ہی سمجھو۔

ادغام

(قاعدہ نمبر 32) قاعدہ نمبر 9 کے برعکس جزم والے حرف کے بعد اگر تشدید والا حرف نظر آجائے تو جزم کو چھوڑ کر تشدید والے حرف کے ساتھ ملاؤ۔

نون قطنی

(قاعدہ نمبر 35) نون قطنی سے پہلے کا خالی الف، جس سے پہلے اگرچہ زبر والا حرف بھی ہو تو بھی یہ خالی الف نہیں بولتا۔ یعنی قاعدہ نمبر 19 کا استثناء ہے۔ لہٰذا خالی الف سے پہلے والے زبر والے حرف کو لمبا نہ کرو۔

وقف کرنا

(قاعدہ نمبر 37) اگر کسی متحرک حرف کے معاً بعد وقف کی کوئی علامت آجائے تو متحرک حرف کی زبر، زیر، پیش کو معدوم سمجھ کر اس کے ساتھ اس سے پہلے والے حرف کو ملا کر متحرک حرف کو ساکن کردو۔

علاوہ ازیں اگر متحرک حرف گول ۃ ہو اور معاً بعد وقف کی کوئی علامت آجائے تو 'ۃ' کی بجائے 'ہ' سمجھی جائے گی اور 'ہ' پڑھی جائے گی۔

اگر ایک زبر والے حرف کے بعد خالی الف ہو اور معاً بعد وقف کی کوئی علامت آجائے تو وہ الف ویسے ہی بولے گا۔ یعنی زبر سے ملا کر بولے گا، گویا وقف کا کچھ اثر نہ ہوگا۔

مگر اگر دوزبر والے حرف کے بعد خالی الف ہو اور معاً بعد وقف کی علامت آجائے تو وہ الف تو بولے گا اگرچہ 'دو' کی بجائے ایک زبر پڑھی جائے گی۔ دو زبر کے بعد خالی 'ی' 'الف' سے بدل جائے گی۔

نوٹ: اگر کسی کو یہ قواعد غیر آسان، غیر منطقی اور غیر دوستانہ دکھائی دیں تو میں اسے یہ باور کراتا ہوں کہ بغدادی قاعدہ کے مقابلہ میں یہ آسان، منطقی اور دوستانہ ہیں۔

قاعدہ کے فوائد

یہ امر نہایت دلچسپی کا باعث ہوگا اگر حضرت پیر منظور محمد کی اپنی تحریر کے مطابق قاعدہ یسرنا القرآن کے چند فوائد بھی حاضر خدمت کئے جائیں۔

☆ قاعدہ یسرنا القرآن نے استادوں کی دردسری اور مغزخوری اور غصہ سے جلے بھنے رہنے کی تکلیف دور کردی ہے۔ قاعدہ ھذا نے ان کے لئے کام کو پہلے سے بہت آسان کردیا ہے۔ بہت سا کام جو استادوں کو کرنا پڑتا تھا یہ قاعدہ خود کرتا ہے۔

☆ قاعدہ بغدادی کے کئی نقائص اور کمزوریوں کی وجہ سے بچوں پر ایک بڑی مصیبت نازل تھی۔ قاعدہ یسرنا القرآن نے ان تمام خرابیوں کو دور کردیا ہے اور بچے اس مار سے جو ناجائز طور پر انہیں پڑتی تھی محفوظ کردیا۔

☆ بجائے کئی سال کے صرف چھ ماہ میں بچے قرآن کریم پڑھ لیتے ہیں۔ چار ماہ میں یہ قاعدہ ختم ہو جاتا ہے۔ باقی دو ماہ میں قرآن شریف بچے سے سن لیں۔

☆ اس قاعدہ کو پڑھ کر اردو پڑھنا بچے کے لئے نہایت آسان ہو جاتا ہے۔

☆ اس قاعدہ نے ارشاد خداوندی ولقد یسرنا القرآن للذکر کے ایک پہلو کی صداقت کو ثابت کردیا ہے۔ آیت مذکورہ میں ایک پیشگوئی تھی کہ ایک زمانہ آئے گا کہ لوگ قرآن شریف کا پڑھنا مشکل سمجھیں گے لیکن لوگوں کے اس خیال کو باطل کردیا جائے گا۔

میرے شاگرد اس زمانہ میں قرآن شریف کا پڑھنا مشکل سمجھتے ہیں اور پوچھتے ہیں کہ ان کے اس خیال کو کب تک باطل کیا جائے گا؟ تاہم چونکہ اس زمانہ (1904ء) میں قاعدہ ھذا کے ذریعہ سے ان لوگوں کے خیال کو باطل ثابت کردیا گیا تھا اور خدا تعالیٰ کی پیشگوئی اپنے فضل سے پوری ہوئی اس لئے اس قاعدہ کا نام یسرنا القرآن رکھا گیا۔

میں ایک تمثیل عرض کرتا ہوں۔ بغدادی طرز پر کسی نئے اناڑی کا تلاوت سیکھنا ایسے ہے جیسے ایک اناڑی دو پہیے والی سائیکل کی سواری سیکھے۔ جبکہ

یسرنا القرآن جس نظام یا طرز پر ایسے ہے جیسے ایک اناڑی تین پہیے والی موزوں سائز کی سائیکل پر سواری سیکھے۔ پھر نہ وہ غلطی کرے اور نہ ہی سائیکل سے گرے۔

اب ایک تجربہ عرض کرتا ہوں۔ یسرنا القرآن کا نظام یا اس کا طرز تحریر پر تلاوت سیکھنے والے طلباء حسب ضرورت بعد میں بغدادی اور دیگر عربی رسم الخط پر رواں دواں ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ یہ اعتراض بے بنیاد ہے کہ یسرنا القرآن کا نظام یا طرز تحریر پر تلاوت سیکھنے والے دیگر رسم الخطوط پر ناکام رہتے ہیں۔ اس کا انحصار ضرورت اور نیت پر ہے۔

اب ایک اندازہ پیش خدمت ہے۔ بغدادی نظام یا طرز تحریر پر پڑھے ہوئے کامیاب طلباء میں سے جتنے فیصد (رضا کار) استاد قرآن شریف پڑھانے والے پیدا کرتے ہیں اس سے کہیں زیادہ فیصد رضا کار استاد، یسرنا القرآن نظام یا طرز تحریر پر پیدا ہوتے ہیں اور یہ محض خدا کا فضل ہے۔

ان بیشمار اور ان گنت فوائد کی موجودگی، یسرنا القرآن نظام یا طرز تحریر کے عقیدت مندوں کو مجبور کرتی ہے کہ وہ اس سو سالہ محفوظ و مفید اور مقبول قاعدہ کو بہترین قاعدہ قرار دیں۔

گزشتہ سو برس سے حضرت پیر منظور محمد کی کتابت قرآن شریف اور قاعدہ یسرنا القرآن نے اپنی عملی افادیت اور مقبولیت کے جھنڈے گاڑے ہوئے ہیں۔

چند دہائیوں سے قاعدہ میں موجود اساتذہ کے لئے اردو ہدایات کے تراجم قاعدہ یسرنا القرآن کے عربی اسباق کے ساتھ لگا کر دیگر زبانوں میں خدمت کر رہے ہیں۔ اب دیس دیس میں قاعدہ یسرنا القرآن کی یہ عبارت باآواز بلند پڑھی جا رہی ہے۔

''یہ عربی کا قاعدہ ہے، عبارت اردو کی ہے، آہاہا''۔

مؤلف قاعدہ یسرنا القرآن حضرت پیر منظور محمد نے خاص اہتمام سے ارشاد خداوندی کا ذکر کیا۔ پھر اس پیشگوئی کو ایک بار پھر سے پورا ہونے کو ثابت کیا اور اس پر اپنی تالیف کا نام ''قاعدہ یسرنا القرآن'' رکھا۔ یہ ان کا انعام تھا جس کے لئے خدا تعالیٰ نے ان کو چن لیا تھا۔

ابتدائے قرآن اور آغاز دین حق کے وقت عربی تحریریں اور عبارتیں رموز اوقاف، اعراب، شدہ، جزم بلکہ نقطہ جات سے عاری تھیں۔ عربوں کو ایسی عربی عبارت کے پڑھنے میں ہرگز کوئی دقت یا مشکل نہ تھی۔

مابعد ان تمام صدیوں میں قرآن شریف کی عبارتوں کو ہم جیسے غیر عرب، عجمی لوگوں اور خاص طور پر غیر عربی لوگوں کی خاطر آسان سے آسان تر بنایا گیا۔ یہی دستور اور سلسلہ آئندہ بھی ارشاد خداوندی کی سچائی کی خاطر جاری رہے گا۔ جیسا کہ قرآن شریف آج تک محفوظ ہے اور تا قیامت ہمیشہ محفوظ رہے اور خدا تعالیٰ خود اس کی حفاظت فرمائے گا۔

☆......☆......☆

محترم مولانا محمد کریم الدین صاحب شاہد سابق ہیڈ ماسٹر مدرسہ احمدیہ قادیان

جامعہ احمدیہ سے جڑی میری یادیں

یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ خاکسار کو مرکز احمدیت قادیان میں تعلیم و تربیت حاصل کرنے کا موقعہ ملا۔ خاکسار کا آبائی وطن محبوب نگر آندھرا پردیش ہے۔ والد صاحب مکرم برہان الدین صاحب مرحوم جب پولیس کی سروس سے ریٹائر ہوئے تو محترم سیٹھ محمد معین الدین صاحب مرحوم سابق امیر جماعت احمدیہ حیدر آباد و چنتہ کنٹہ کے بیڑی کے کارخانہ میں بطور کلرک کام کرنے لگے اور چنتہ کنٹہ میں قیام کے دوران ہی احمدیت میں داخل ہونے کا شرف حاصل ہوا اور چونکہ خاکسار پانچویں جماعت تک تعلیم پانے کے بعد پڑھائی ترک کر چکا تھا تو محترم سیٹھ معین الدین صاحب مرحوم نے میرے ساتھ دو اور لڑکوں مکرم محمد عبدالحفیظ صاحب اور مکرم بشیر احمد صاحب ورکوری مرحوم کل تین بچوں کو قادیان میں تعلیم کے لئے بھجوانے کا پروگرام بنایا۔ چنانچہ اس غرض کے لئے جلسہ سالانہ قادیان دسمبر 1950ء میں ہم تینوں بچوں کو انہوں نے قادیان چھوڑا۔ ان دنوں درویشی دور پر تین سال گزر چکے تھے۔ تعلیم الاسلام سکول اپنی ابتدائی حالت میں صرف چوتھی کلاس تک تھا۔ اس لئے خاکسار کو چوتھی کلاس میں داخلہ ملا۔ 1954ء میں جب میں آٹھویں کلاس میں تھا تو مدرسہ احمدیہ کا آغاز ہوا۔ سب سے پہلی کلاس جو عمل میں آئی وہ چار طلباء پر مشتمل تھی۔ خاکسار محمد کریم الدین شاہد، محمد ولی الدین صاحب، عبداللطیف صاحب ملکانہ، سید بشیرالدین صاحب سونگڑوی۔

اس پہلی کلاس کے واحد استاد محترم مولانا محمد ابراہیم صاحب قادیانی تھے۔ جو بڑی محنت سے باری باری قرآن مجید، حدیث، ادب عربی، صرف ونحو اور کلام پڑھاتے تھے۔ اس وقت جامعہ احمدیہ میں داخلہ کی شرائط کچھ خاص نہیں تھیں۔ صرف قرآن مجید اور اردو پڑھنا لکھنا کافی سمجھا جاتا تھا۔ جب اس طرح تدریس کا ایک سال مکمل ہوا تو اس دوران مکرم مولوی محمد عمر علی صاحب مکرم مولوی محمد یوسف صاحب اور مکرم محمد صادق ناقدؔ صاحب (جو بعد میں پاکستان چلے گئے) مولوی فاضل پاس کرنے کے بعد مدرسہ احمدیہ میں مدرس مقرر ہوئے۔ اس طرح دوسرے سال یعنی 1955ء میں مدرسہ احمدیہ کی دو کلاسیں اور چار اساتذہ کرام ہو گئے اور یہ سلسلہ آگے بڑھتا گیا۔ ابتدائی دور 1954ء سے لے کر 1970ء تک مدرسہ احمدیہ کا نصاب چار سالہ تھا اور یہ وہی پرانا نصاب تھا جو تقسیم ملک سے قبل مدرسہ احمدیہ کے لئے مقرر تھا۔ اس چار سالہ کورس کی تکمیل کے بعد دو سال مولوی فاضل کا نصاب پڑھایا جاتا تھا۔ جو پنجاب یونیورسٹی چندی گڑھ میں مقرر تھا اور یہ وہی نصاب تھا جو تقسیم وطن سے قبل مقرر شدہ تھا۔ جیسا کہ پہلے ذکر آ چکا ہے کہ مدرسہ احمدیہ کی ابتدائی پہلی کلاس میں ہم چار طلباء تھے۔ مدرسہ احمدیہ کی چوتھی جماعت میں میں اور میرے ساتھی محمد ولی الدین صاحب پاس ہوئے اور پھر دو سال مولوی فاضل کا نصاب پڑھا۔ اس عرصہ میں مکرم احمد رشید صاحب مربی سلسلہ جو کرونا گاپلی کیرالہ کے رہنے والے اور عربی کے ایک جید عالم تھے بطور استاد مقرر ہوئے اور انہیں کی نگرانی میں ہم دونوں نے 1960ء میں مولوی فاضل پاس کیا۔ باقی دو طلباء جو پیچھے رہ گئے تھے انہوں نے بعد میں مولوی فاضل پاس کیا۔ چاروں کو خدمت سلسلہ کی توفیق ملی۔ لیکن بعد میں وجوہات کی بناء پر مکرم محمد ولی الدین صاحب کو ٹھوکر لگی اور جماعت سے منحرف ہو گئے۔

مولوی فاضل کا امتحان پاس کرنے کے بعد خاکسار نے مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے ربوہ میں داخلہ لیا اور وہاں دو سال کے عرصہ میں شاہد کا کورس مکمل کر کے 1963ء میں بطور مربی سری نگر کشمیر میں متعین رہا۔ بعد ازاں میں مدرسہ احمدیہ میں ضرورت اساتذہ کے تحت 1965ء میں شادی کے بعد بطور مدرس خدمت سرانجام دیتا رہا اور بفضل اللہ تعالیٰ جولائی 1999ء تک 34 سال جامعہ احمدیہ میں تدریس کا موقعہ ملا۔

محترم میر داؤد احمد صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ ربوہ کی خصوصی توجہ اس طرف مبذول ہوئی کہ مدرسہ احمدیہ قادیان کا تعلیمی معیار بلند کیا جائے لہٰذا 1970ء میں مدرسہ احمدیہ کے نصاب میں تبدیلی کر کے اپ گریڈ کرنے کے لئے خاکسار کو بطور نمائندہ ربوہ بھیجا گیا محترم میر صاحب موصوف نے جامعہ احمدیہ ربوہ کے اساتذہ کرام کی ایک کمیٹی اس غرض کے لئے مقرر فرمائی۔ جس میں محترم مولانا سیف الرحمٰن صاحب مفتی سلسلہ احمدیہ، محترم مولانا غلام باری سیف صاحب، محترم میر محمود احمد ناصر صاحب اور خاکسار تھے۔ کمیٹی نے لگاتار کئی دن تک باہم مشورہ سے مدرسہ احمدیہ قادیان کے لئے چھ سالہ نصاب مرتب کیا اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالث سے منظوری حاصل کی۔ تب سے نیا نصاب نافذ ہوا اور چھ سال کے بعد طلباء خود تیاری کر کے مولوی فاضل کا امتحان میدان دعوت الی اللہ میں خدمت کے دوران ہی دیتے آ رہے ہیں۔ جسے اب سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے استقلال کے لئے ضروری قرار نہیں دیا۔ مدرسہ احمدیہ میں ابتداءً صرف بورڈنگ میں رہائش کا انتظام ہوا کرتا تھا اور طلباء کی نگرانی کے لئے ایک ٹیوٹر مقرر ہوتے۔ سپرنٹنڈنٹ اور ہیڈ ماسٹر محترم مولانا محمد ابراہیم صاحب فاضل ہی ہوا کرتے تھے۔ دو وقت لنگر خانہ حضرت مسیح موعود سے کھانا حاصل کیا جاتا تھا۔ مدرسہ احمدیہ کے بورڈنگ کا اپنا کوئی میس نہیں تھا۔ مدرسہ اور بورڈنگ کی عمارت بھی وہی پرانی اور کچی تھی۔ جو تقسیم ملک سے قبل تعمیر شدہ تھی۔ بورڈنگ کے کمروں میں بجلی کے صرف بلب لگائے جاتے تھے۔ گرمیوں میں پنکھوں کا بھی انتظام نہیں تھا۔ طلباء کا رہن سہن بھی بہت سادہ اور تکلفات سے پاک تھا۔ شدید گرمی کے وقت آخری جمعرات کی چھٹی میں تتلے کی نہر میں صبح سے شام تک تیرا کی ہوتی۔ اس کے علاوہ رنگ و والی بال کی گیمز ہوتیں۔ اس وقت مقامی ڈی اے وی سکول اور خالصہ سکول نیز قادیان کی لوکل ٹیموں کے ساتھ مقابلے بھی ہوتے اور بفضل اللہ تعالیٰ اکثر کامیابی حاصل کرتے۔

دوران تعلیم 1956ء کی بات ہے کہ ماہ مارچ میں لاہور (پاکستان) میں ہند پاک کرکٹ میچ ہو رہا تھا اور اس میچ کو دیکھنے کے لئے ہندوستان کے واہگہ بارڈر پر ایک ہفتہ کے لئے پرمٹ جاری ہوئے۔ اس موقعہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ہم چار پانچ طلباء لاہور گئے۔ وہاں سے اگلی صبح سیدھے ربوہ پہنچے کہ سیدنا حضرت المصلح الموعود سے شرف ملاقات حاصل کیا جائے۔ ربوہ میں تو ہم اجنبی تھے لیکن دارالضیافت میں محترم خاں عبدالاحد خان صاحب درویش جو حضور کے باڈی گارڈ رہ چکے تھے اور حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کے ذریعہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی سے ملاقات کا انتظام کروا دیا۔ یہ ہماری زندگی کا سب سے بہترین اور یادگار دن تھا۔ جب حضرت مصلح موعود کے نورانی چہرہ پر نظر پڑی اور حضور انور سے مصافحہ کر کے ایک عجیب روحانی سرور حاصل ہوا جس کو الفاظ کا جامہ نہیں پہنایا جا سکتا۔ حضور نے بڑی شفقت سے متبسم چہرہ سے قادیان مدرسہ احمدیہ اس کے اساتذہ اور نصاب کے بارہ میں دریافت فرمایا اور اپنی مشفقانہ دعاؤں سے نوازا۔ بعد میں جب پاسپورٹ بن گئے تو 1956ء اور اس کے بعد کئی سالانہ جلسوں میں ربوہ میں شرکت کی سعادت نصیب ہوئی اور حضرت المصلح الموعود کے خطابات جلسہ سالانہ ربوہ کے علاوہ خدام الاحمدیہ کے اجتماعات میں بھی سماعت کرنے کی توفیق ملی۔

میں نے اپنے تعلیمی دور میں یہ محسوس کیا ہے کہ اگرچہ ہمارے دور میں ہم بہت سی سہولیات سے محروم تھے لیکن حالات کی جفاکشی اور فاقہ مستی نے ہمیں اپنے مقصد حصول تعلیم سے ہرگز بددل نہیں کیا۔ بلکہ یہ مشکلات تو ہمارے لئے مہمیز کا کام دیتی رہیں۔

جامعہ احمدیہ کے طلباء کو ہمیشہ یہ بات مدنظر رکھنی چاہئے کہ علمائے سلف کی جگہ لینی ہے۔ جامعہ احمدیہ میں جو تعلیم دی جاتی ہے اسے پوری توجہ سے حاصل کرنا چاہئے تا کہ ان کی علمی بنیادیں مضبوط ہوں۔ اس کے ساتھ ساتھ اطاعت اور فرمانبرداری، قواعد کی پابندی، نمازوں کی پابندی اور ذاتی مطالعہ میں وسعت کا خاص

خیال رکھنا چاہئے۔ کیونکہ ان باتوں کو ملحوظ رکھنے کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ خدمت کی بھی توفیق عطا فرماتا ہے اوران کی عزت اور وقار بھی جماعتوں میں بڑھتا چلا جاتا ہے۔اس کے برخلاف جن طلباء نے انانیت اور رعونیت اختیار کی وہ نہ صرف خدمت سے محروم ہو گئے بلکہ دینی اوراخلاقی حالت میں بھی انہیں ٹھوکر لگی۔

پس اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ جامعہ احمدیہ کے علمی معیار کو بڑھائے اوراساتذہ کرام اورعزیز طلباء کو محنت،لگن،شوق اورانہماک سے پڑھانے اور پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے تاکہ سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود نے جس مقصد اورغرض کے لئے اس ادارے کو قائم فرمایاہے وہ غرض پوری ہو۔آمین

کام مشکل ہے بہت منزل مقصود ہے دور
اے میرے اہل وفا سست کبھی گام نہ ہو

(بقیہ صفحہ 3)

حضرت مصلح موعود کے ارشاد پر میر پور خاص آ کر آباد ہو گئے تھے۔ جہاں اللہ تعالیٰ پہلے ان کے والد بزرگوار اوران کی وفات کے بعد مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کو بے لوث خدمت دین کی توفیق دی۔

پس راہ مولا میں جان قربان کرنے والے خاندانوں میں یہ بات مشترک ثابت ہوتی ہے کہ انہیں تقسیم ملک کے وقت کسی خاص حکمت کے تحت تقدیر الٰہی نے سندھ میں لاکر آ بسایا اورایک لمبا عرصہ اپنے اپنے دائرہ میں اپنے اپنے ذرائع اور استعدادوں کے مطابق خدمت دین اور خدمت خلق بجالانے کی توفیق دی اور خلافت جوبلی کی تقریبات کے سال یا خلافت احمدیہ کی دوسری صدی کے آغاز پر امیر صاحب ضلع میر پور خاص اورامیر صاحب ضلع نواب شاہ کو راہ مولیٰ میں جان کا نذرانہ پیش کرنے کی سعادت ملی۔ ع

ایں سعادت بزور بازو نیست

دونوں امراء اضلاع کی قربانی اس طرح بھی قابل رشک ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایک پورا خطبہ جمعہ ان کے حسین تذکرہ کے ساتھ ارشاد فرمایا۔ حضور کا یہ خطبہ جمعہ 12 ستمبر 2008ء کا ارشاد فرمودہ ہے جس کے نتیجے میں دونوں کا نام ہمیشہ کے لئے زندہ رہے گا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب اورمحترم سیٹھ محمد یوسف صاحب کے درجات اپنے حضور بلند کرتا رہے اور ان کے جملہ لواحقین کو اپنے فضلوں رحمتوں اور برکتوں سے نوازے اوراپنے فضل سے خود نعم البدل عطا فرمائے اوراس عظیم خلاء کو جو بظاہر محسوس ہوتا ہے اپنے فضل سے پُر کرے۔آمین

☆......☆......☆

واقفین عارضی کی مساعی اور تاثرات

مرسلہ: قائد تعلیم القرآن و وقف عارضی مجلس انصاراللہ پاکستان

مکرم مظہر احمد صاحب لکھتے ہیں:۔

''میں خدا کو حاضر و ناظر جان کر کہہ سکتا ہوں کہ میں نے اس تحریک کی بدولت خدا کو دیکھا ہے خدا جسے دنیا صرف پوشیدہ تصور کرتی ہے میں نے اس کے وجود کو اپنی حِس سے محسوس کیا ہے۔ دعاؤں اور نمازوں میں جو فرحت یہاں مجھے محسوس ہورہی ہے وہ شائد میں نے پہلے کبھی نہ کی۔ بارش کے باعث دشوار گزار راستوں کے باوجود بھی یہاں پہنچنے میں ایک لذت محسوس کی ہے۔ایسی لذت جو دنیا کے ہزاروں خزانے لٹا کر حاصل نہیں ہوسکتی۔''

مکرم محمد شفیع صاحب لکھتے ہیں:۔

''اس وقف عارضی میں صحیح معنوں میں پتہ چلا ہے کہ ہمارے مربی جو دور دراز علاقوں میں اپنے گھروں سے ہزاروں میل دور دعوت الی اللہ کا فریضہ ادا کر رہے ہیں۔انہیں کیا کیا تکالیف ہیں چندے ادا کر دینا ادنیٰ قسم کی قربانی ہے۔حضور کی صحت درازی عمر اور کارکنان جماعت مربیان سلسلہ اور ان کے اہل و عیال ساری جماعت کے لئے جس درد دل سے بیٹھ کر دعائیں نکلتی ہیں۔ وہ گھر میں ممکن نہیں گھر میں کئی دفعہ انسان بھول جاتا ہے۔ جماعت کے دوستوں سے تعلقات بڑھتے ہیں ہاتھ سے کھانا پکانے سے تکلیف بھی ہے۔لطف بھی آتا ہے دوسرے عورتوں کے کام کا احساس بھی ہوتا ہے غرضیکہ ہر لحاظ سے حضور کی جاری کردہ تحریک بابرکت ہے۔''

محترم مسعود احمد صاحب پشاور تحریر کرتے ہیں:۔

''میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ میرا ضمیر اس کام سے تسلی و تشفی پاتا ہے نمازوں میں ایک لذت اور یگانگت محسوس ہوتی ہے طبیعت نیکیوں کی طرف مائل ہوتی ہے اور ایسا احساس ہوتا ہے کہ مجھ کو ایک نہایت ہی قیمتی اور پیاری چیز جو کہ شاید کھو گئی تھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے واپس مل گئی ہے اور دل میں ایک سکون حاصل ہوتا ہے''۔

محترم ڈاکٹر مبارک احمد صاحب لکھتے ہیں:۔

چک نمبر 123 میں جہاں کہ طبی سہولتوں کا فقدان ہے۔اعلان کروادیا گیا کہ مریض آ کر مفت طبی مشورہ اور معائنہ کروا سکتے ہیں۔اس کے جواب میں بہت سے احمدی اور غیر از جماعت مرد اور عورتیں بغرض طبی مشورہ تشریف لائے۔''

محترمہ امۃ المالک صاحبہ ایم اے راولپنڈی سے تحریر کرتی ہیں:۔

''کثرت سے ذکر الٰہی کا موقع ملتا رہا۔ دعاؤں میں خاصی لذت محسوس ہوتی رہی اور روح میں ایک ایسا تغیر آیا کہ اس کو بیان کرنا امر محال ہے۔''

مکرم محمد اکرم صاحب ربوہ لکھتے ہیں:۔

''میرے پیارے آقا! ہم کھانا خود تیار کرتے تھے میرے ساتھی ایک متمول گھرانے سے تعلق رکھتے تھے اور مجھے خیال تھا کہ انہوں نے قبل ازیں کبھی چولہے میں آگ تک نہ جلائی ہوگی مگر اس عرصہ کے دوران وہ مجھ سے بڑھ کر کام کرنے کے شائق تھے اور کام کرتے بھی رہے اور اکثر کہتے تھے کہ کھانا پکانے میں بڑا لطف آتا ہے مجھے کئی مواقع پر زبردستی محروم کر کے بعض امور خود ہی سرانجام دیتے رہے۔''

